شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

3 ستمبر 2025ء

پریس ریلیز

حکومتِ پاکستان، امارتِ اسلامیہ افغانستان میں شدید زلزلہ کے متاثرین کی بھرپور مدد کرے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): حکومتِ پاکستان امارتِ اسلامیہ افغانستان میں شدید زلزلہ کے متاثرین کی بھرپور مدد کرے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ اتوار اور پیر کے درمیانی شب افغانستان میں آنے والے شدید زلزلہ کے باعث کم و بیش 800 افراد شہید اور ہزاروں زخمی ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ زلزلے کے جھٹکے پاکستان کے کئی علاقوں میں بھی مستقل محسوس کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات کبھی اللہ تعالیٰ کی جانب سے لوگوں کی آزمائش کے لیے آتی ہیں اور کبھی تنبیہ و عذاب کے طور پر بھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بھی طوفانی بارشیں، شدید ترین سیلاب اور زلزلوں کے جھٹکے ایسی ہی مثالیں ہیں۔ ایسے میں ضروری ہے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔ امیر تنظیم نے حکومتِ پاکستان، مقتدر حلقوں، فلاحی و رفاہی اداروں، دینی جماعتوں و علماء کرام اور عوام الناس سے اپیل کی کہ وہ پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کے ساتھ ساتھ اپنے افغان بھائیوں کی بھی ہر طرح سے بھرپور مدد کریں۔ آخر میں انہوں نے افغانستان کے زلزلہ میں شہید ہونے والوں کے لیے دعائے مغفرت کی۔ امیر تنظیم نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور افغانستان دونوں میں قدرتی آفات سے زخمی اور متاثرہ افراد کے لیے آسانی کا معاملہ کرے۔ آمین!

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: September 3rd, 2025

The Government of Pakistan must extend full support to the victims of the devastating earthquake in the Islamic Emirate of Afghanistan.
(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, who said that the powerful earthquake that struck Afghanistan on Sunday night claimed the lives of nearly 800 people and left thousands injured — Inna Lillahi wa Inna Ilayhi Raji'un. Tremors were strongly felt in several regions of Pakistan as well. He stated that natural disasters sometimes come from Allah (*SWT*) as a test for mankind, and at other times as warnings or punishments. He added that the recent torrential rains, severe floods, and tremors in Pakistan are also examples of such divine trials. Therefore, it is necessary that we repent from our sins at both the individual and collective level and turn back to Allah (*SWT*).

Shujauddin Shaikh appealed to the Government of Pakistan, the ruling elite, welfare and relief organizations, religious parties, scholars, and the general public that along with assisting flood victims in Pakistan, they must also provide every possible support to their Afghan brothers in this critical hour. He prayed for the forgiveness of those martyred in the Afghan earthquake and for relief and ease for the injured and displaced in both Pakistan and Afghanistan. He prayed that Allah (*SWT*) grant comfort and healing to all affected. Ameen!

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat